© rasailojaraid.com

نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی مجلس احرار اسلام کے مرکزی امیر محترم الحاج محمد [illegible] چغتائی مدظلہ ناظم اعلیٰ ابن امیر شریعت سید عطا المحسن بخاری، دیگر تمام مرکزی عہدیداروں اور مجلس عاملہ کے اراکین نے حضرت صوفی صاحب رحمہ اللہ کے انتقال پر گہرے غم کا اظہار کیا ہے ایک تعزیتی قرار داد میں کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ صوفی صاحب کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر عطا فرمائے ۔۔۔ ادارہ نقیب ختم نبوت کے تمام اراکین بھی پسماندگان کے غم میں شریک ہیں ۔

انہی دنوں میں حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری مدظلہ کی خوشدامن صاحبہ اور قاری سید عبدالمنان صاحب اور مولانا سید عبدالرحمن شاہ صاحب کی والدہ رحلت فرماگئیں ۔ مدرسہ عربیہ تجوید القرآن جلہ جیم میلسی کے مہتمم مولانا محمد عبیداللہ کی والدہ ماجدہ انتقال فرماگئیں ۔ مجلس احرار اسلام محبت پور میلسی کے صدر حاجی نذر محمد کے داماد اور حاجی عبدالرحیم کے نوجوان فرزند عبدالغفار صاحب انتقال کرگئے ۔

مجلس احرار اسلام درپٹہ (چکوال) کے مخلص کارکن ڈاکٹر ھادی بخش صاحب کے کم سن بیٹے محمد معاویہ رفات پاگئے ۔ مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن شیخ فضل الرحمن صاحب کے ماموں اور بھائی محمد شفیق کے والدماجد حاجی محمد رفیق صاحب آخرت کو سدھار گئے ۔ ادارہ نقیب ختم نبوت کے رفیق فکر محترم عبدالواحد بیگ المرحوم کی صالحہ نوجوان پوتی داعی اجل کو لبیک کہہ گیئں ۔ انسان سوچتا کچھ ہے مگر ہوتا کچھ ہے ۔ مشیت ایزدی سب تدبیروں پر غالب آجاتی ہے ۔ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے "عرفت ربی بفسخ العزائم"

تدبیر کند بندہ ۔۔۔ تقدیر زند خندہ

قارئین کرام تمام مرحومین کیلئے دعا مغفرت فرمائیں اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کی قبور کو جنت کا باغ بنائے ۔ لواحقین وپسماندگان کو صبر عطا فرمائے (آمین یا اللہ العالمین) ۔ ادارہ اپنے تمام غمزدہ بھائیوں کے غم میں شریک ہے ۔

**اظہار تشکر**

احقر بذریعہ نقیب ختم نبوت ان تمام احباب کا شکریہ ادا کرتا ہے جنہوں نے بندہ کی اہلیہ مرحومہ کی وفات پر دعا مغفرت اور اظہار تعزیت کیا ہے اللہ تعالیٰ انہیں جزا خیر عطا فرمائے ۔ مزید دعائے مغفرت کی درد مندانہ درخواست ہے ۔ ارشاد احمد دیوبندی افضل حق لائبریری ۔ ظاہر پیر ۔

**دعا صحت**

حرم امیر شریعت سیدہ ام الاحرار مدظلہا علیل ہیں محترمہ نثار فاطمہ (لاہور) بیمار ہیں حضرت مولانا قاضی زاہد الحسینی مدظلہ (اٹک شہر) کافی دنوں سے علیل ہیں مدیر نقیب کے دادا محترم سید محمد شفیع شاہ صاحب مدظلہ ضعیف عارضہ میں مبتلا ہیں ڈاکٹر ھادی بخش کے والد محترم ٹریفک کے حادثہ کے باعث زخمی ہیں مولانا عبداللہ خالد مانسہرہ کی دختر اور برادرِ محمود الحسن مفتی کی ہمشیرہ دماغی مریضہ ہیں قارئین ان کیلئے اور تمام مریضوں کی شفا کاملہ کیلئے دعا فرمائیں (ادارہ)

© rasailojaraid.com